# تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہنگو

**شرائط وضوابط نیلامی** برائے ٹھیکہ **میلہ مویشیاں محمد خواجہ، نزد کچہ پکہ ہنگو**، مالی سال ۲۰۲۶ ۔ ۲۰۲۷ (دوسری بار)

(میعاد از یکم اگست ۲۰۲۶ تا ۳۰ جون ۲۰۲۷ء)

۱۔ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہنگو کے ٹھیکہ کی نیلامی برائے مالی سال ۲۰۲۶-۲۰۲۷ کے لیے E-Baldia/e-auction System کے ذریعے https://cfmis.lgkp.gov.pk پر منعقد کی جائے گی۔

۲۔ مذکورہ ٹھیکہ صرف ایک مالی سال (۲۰۲۶-۲۰۲۷) ۱۱ ماہ کے لیے دیا جائے گا اور گزشتہ سال کی آمدنی سے کم از کم دس فیصد (۱۰٪) اضافہ لازمی شرط ہو گی۔

۳۔ E-Baldia/e-auction System کے ذریعے نیلامی میں شرکت تمام شرائط وضوابط کی مکمل اور غیر مشروط قبولیت تصور ہو گی، جو تمام ٹھیکیداروں پر لازمی طور پر نافذ ہو گی۔

۴۔ صرف وہی ٹھیکیدار / فرم نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں جو اپنے متعلقہ زمرے کے تحت، برائے سال ۲۰۲۶۔۲۰۲۷ لوکل کونسل بورڈ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں۔

۵۔ نیلامی میں شرکت کے خواہشمند ہر ٹھیکیدار / فرم کو مذکورہ ٹھیکہ کے لیے، گزشتہ سال کی کل آمدنی کے پانچ فیصد (۵٪) کے برابر، مبلغ 16160 روپیہ کال ڈپازٹ / سی ڈی آر ٹی ایم اے ہنگو کے حق میں شرکت سے پہلے جمع کرانا ہو گا۔ اور اس کی تفصیل مذکورہ بالا نیلامی کی ویب سائٹ پر درج کرے گا۔

۶۔ ٹھیکیداروں کو اپنی اہل سی ڈی آر، نیلامی کی آخری تاریخ سے کم از کم دو (۲) دن قبل سسٹم پر اپ لوڈ کرنا لازمی ہوں گی۔

۷۔ ٹھیکہ کی نیلامی مسلسل تین (۳) کاروباری دن، پیر سے بدھ یعنی 10 تا 12 اگست 2026، صبح ۹ بجے سے شام ۴ بجے تک منعقد ہو گی۔

۸۔ جہاں موصول ہونے والی بلند ترین بولی گزشتہ سال کی آمدنی / بولی سے کم از کم دس فیصد (۱۰٪) اضافہ ظاہر کرے، وہاں کامیاب بولی دہندہ کو تین (۳) دن کے اندر پندرہ فیصد (۱۵٪) پیشگی رقم اور پانچ فیصد (۵٪) سیکیورٹی ٹی ایم اے ہنگو کے اکاؤنٹ میں جمع کرانی ہو گی۔

۹۔ ٹھیکیدار میلہ مویشیاں محمد خواجہ میں سروس ڈیلیوری کی تمام سہولیات بمطابق ہدایات صوبائی حکومت / TMA ہنگو، مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۰۔ ماہانہ اقساط ہر ماہ کی پانچویں (۵) تاریخ تک جمع کرانا لازمی ہے۔ تاخیر کی صورت میں دسویں (۱۰) تاریخ تک دو فیصد (۲٪) جرمانہ عائد ہو گا۔ دسویں تاریخ کے بعد تین (۳) متواتر نوٹسز جاری کیے جائیں گے۔ عدم تعمیل کی صورت میں اسی ماہ کی پندرہویں (۱۵) تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

۱۱۔ کامیاب ٹھیکیدار کو دو (۲) ضامن پیش کرنے ہوں گے جو ٹھیکہ کی رقم کے برابر غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہوں اور جن کی تصدیق فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے ہو۔

۱۲۔ مقررہ مدت میں پیشگی رقم اور سیکیورٹی جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی خود بخود منسوخ ہو جائے گی اور کال ڈپازٹ ٹی ایم اے ہنگو کے حق میں ضبط کر لیا جائے گا۔

۱۳۔ ضبطی کی صورت میں ٹھیکہ دوسرے بلند ترین بولی دہندہ کو کامیاب بولی دہندہ کی پیش کردہ شرح پر پیش کیا جا سکتا ہے۔

۱۴۔ نیلامی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ عارضی وارث (Provisional Awardee) تصور کیا جائے گا۔ ٹی ایم اے ہنگو تمام ضروری کارروائی مکمل کرے گی اور ٹھیکیدار سات (۷) دنوں کے اندر ٹی ایم اے ہنگو کے ساتھ معاہدہ (Agreement) دستخط کرے گا۔

۱۵۔ تمام وفاقی اور صوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز، لیویز اور انکم ٹیکس ٹھیکیدار خود برداشت کرے گا۔ جو کہ ٹھیکہ کی مالیت کے علاوہ ہوں گے۔

۱۶۔ ٹھیکہ کی رقم میں کسی بھی صورت حال میں کوئی رعایت، نرمی یا کمی / REMISSION قابلِ اجازت نہیں ہو گی۔

۱۷۔ میلہ مویشیاں محمد خواجہ کی وصولی مختص کردہ جگہ پر منظور شدہ نرخنامہ (Schedule of Rates) کے مطابق کی جائے گی اور شیڈول نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا تاکہ عوامی آگاہی اور شفافیت یقینی ہو۔

۱۸۔ ٹھیکہ کو کسی بھی صورت میں کسی اور فریق کو ذیلی ٹھیکے، منتقل یا تفویض نہیں کیا جا سکتا۔

۱۹۔ دستبرداری یا ٹھیکہ جاری نہ رکھنے کی صورت میں ٹھیکہ، ٹھیکیدار کے نفع و نقصان پر منسوخ ہو گا اور ٹھیکہ کی کل رقم کا کم از کم دس فیصد (۱۰٪) جرمانہ عائد ہو گا۔

۲۰۔ اگر منظور شدہ نرخنامے سے زائد فیس / ٹیکس وصول کیا جائے یا شیڈول کی خلاف ورزی کی جائے تو ٹھیکیدار / فرم اور ذمہ دار عملہ اضافی وصول شدہ رقم کے گیارہ (۱۱) گنا جرمانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ اور اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۲۱۔ بولی دہندگان کے ساتھ ملی بھگت، بولیوں میں ہیرا پھیری، یا اہلکاروں پر اثر ڈالنے کی کسی بھی کوشش کے نتیجے میں سخت قانونی کارروائی، نااہلیت اور بلیک لسٹنگ عمل میں لائی جائے گی۔

۲۲۔ کسی بھی شرط یا ضابطے کی خلاف ورزی کی صورت میں ٹی ایم اے ہنگو ہفتہ وار بنیاد پر تین (۳) متواتر نوٹسز جاری کرے گی۔ تین نوٹسز کے باوجود اصلاح نہ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ، تمام ضمانتی رقوم ضبط، اور بلیک لسٹنگ کی سفارش کی جا سکتی ہے۔

۲۳۔ ٹھیکیدار اور ٹی ایم اے ہنگو کے مابین ٹھیکہ یا کسی بھی دیگر معاملے میں تنازعہ کی صورت میں ریجنل میونسپل آفیسر کوہاٹ بطور ثالث (Arbitrator) کام کریں گے۔ آر ایم او کا فیصلہ حتمی اور تمام فریقین پر پابندِ عمل ہوگا۔

۲۴۔ سابقہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ہنگو یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایادار یا نادہندہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔

۲۵۔ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط و ضوابط جاری کردہ بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر۔ AOII/LCB/6-11/2026 بتاریخ 07-05-2026 ، کا پابند ہوگا۔

اسسٹنٹ ٹیکس سپرنٹنڈنٹ
ٹی ایم اے ہنگو

ٹیکس انسپکٹر
ٹی ایم اے ہنگو

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے ہنگو